**First Semester Examination : OCTOBER - 2023**

**Social Science (History & Political Science)**

| Time : 2 Hrs. | Std. X | Max. Marks : 40 |
|---|---|---|

ہدایات: (۱) تمام سوالات / سرگرمیاں حل کرنا لازمی ہے۔

(۲) بائیں جانب کے اعداد سرگرمیوں / سوالات کے کل نمبرات کو ظاہر کرتے ہیں۔

(۳) سوال 1 سے 5 تاریخ پر اور سوال 6 سے 9 سیاسیات پر مبنی ہیں۔

(۴) سوال 1 (الف) اور سوال 6 کے لیے مکمل بیانات لکھنا لازمی ہے۔

(۵) سوال 2 (الف) اور سوال 8 (ب) کے تمام تصوراتی خاکے سرگرمی نامے کے مطابق جوابی پرچے میں پین سے بنانا متوقع ہے

(۶) سوال 1 (الف)، (ب) اور سوال 6 کے جوابات ایک سے زائد مرتبہ لکھے ہونے پر پہلی مرتبہ لکھے ہوئے جواب کے ہی نمبر جوڑے جائیں گے۔

---

1. **(الف) : ذیل میں سے مناسب متبادل چن کر بیان کو دوبارہ مکمل کیجیے۔** (03)

(1) فنِ مصوری اور فنِ سنگ تراشی کا شمار ............................. میں ہوتا ہے۔

(الف) عوامی فنون (ب) فنون لطیف (ج) بصری فنون (د) فنونِ لطیفہ

(2) بھارت کا قومی دستاویزات کا محافظ خانہ ............................. میں ہے۔

(الف) ممبئی (ب) کولکاتا (ج) چینئی (د) دلّی

(3) بھارت کا پہلا انگریزی روزنامہ ............................. نے جاری کیا۔

(الف) جیمس آگسٹن ہکی (ب) سرجان مارشل (ج) ایلن ہیوم (د) ماؤنٹ اسٹوارٹ ایلفنسٹن

**(ب) : مندرجہ ذیل ہر گروپ میں غلط جوڑی پہچان کر لکھیے۔** (03)

(1)

| اخبار | | ایڈیٹر |
|---|---|---|
| (i) دین بندھو | - | کرشن راؤ بھالیکر |
| (ii) کیسری | - | بال گنگادھر تلک |
| (iii) درپن | - | بال شاستری جامبھیکر |
| (iv) پربھاکر | - | اچاریہ پی۔کے۔اترے |

(2)

| | مؤرخ | | ملک |
|---|---|---|---|
| (i) | مائیکل فوکو | - | فرانس |
| (ii) | ہیروڈوٹس | - | یونان |
| (iii) | سیماں-دَ-بووا | - | جرمنی |
| (iv) | رینے ڈیکارٹ | - | فرانس |

(3)

| | غیر مرئی ورثہ | | علاقہ |
|---|---|---|---|
| (i) | کُٹی یٹّم | - | کیرالا میں ڈرامے کی تہذیبی روایت |
| (ii) | رام لیلا | - | شمالی بھارت کی پیشکش |
| (iii) | کال بیلیا | - | راجستھان کا لوک سنگیت اور عوامی رقص |
| (iv) | رمّن | - | مغربی بنگال کا رقص |

2. (الف) : درج ذیل تصوراتی خاکہ کو مکمل کیجیے: (کوئی دو) (04)

(1)




(2)




(3)




(ب) : مندرجہ ذیل اصطلاحات کی وضاحت کیجیے: (کوئی دو) (04)

(1) آزادی کی جدوجہد میں اخبار کا کردار (2) محروموں کی تاریخ (3) ہیماڑپنتی طرز

3. : درج ذیل بیانات کی وجوہات کے ساتھ وضاحت کیجیے: (کوئی دو) (04)

(1) 'بکھر' تاریخی ادب کی اہم قسم ہے۔

(2) فن کی تاریخ کا گہرا علم رکھنے والے ماہرین کی ضرورت ہوتی ہے۔

(3) والٹیر کو جدید تاریخ کا بانی کہا جاتا ہے۔

(4) ٹکنالوجی کی تاریخ کا مطالعہ ضروری ہے۔

.4 : درج ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کر کے نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ (04)

آکاش وانی : ماقبل آزادی ۱۹۲۴ء میں انڈین براڈ کاسٹنگ کمپنی (آئی بی سی) کے نام سے ہر روز پر گرام نشر کرنے والے ایک نجی ریڈیو کمپنی کا آغاز ہوا۔ بعد ازاں برطانوی حکومت نے اس کمپنی کا نام تبدیل کر کے 'انڈین اسٹیٹ براڈ کاسٹنگ سروسیز' (آئی ایس بی ایس) رکھا۔ ۸/ جون ۱۹۳۶ء کو اسی کمپنی کا نام 'آل انڈیا ریڈیو' (AIR) رکھا گیا۔
بھارت کی آزادی کے بعد کے بعد AIR بھارتی حکومت کے شعبۂ اطلاعات و نشریات کا ایک حصہ بن گیا۔ ابتدا میں اس کی نوعیت سرکاری پروگرام اور منصوبوں کی معلومات دینے والے مستند مرکز کی تھی۔ مشہور شاعر پنڈت نریندر شرما کی تجویز پر اسے 'آکاش وانی' نام دیا گیا۔ آکاش وانی سے مختلف تفریحی، تعلیمی اور ادبی پروگرام نشر کیے جاتے ہیں۔ اسی طرح کسانوں، مزدوروں، نوجوانوں اور خواتین کے لیے بھی مخصوص پروگرام نشر کیے جاتے ہیں۔ 'وودھ بھارتی' کی مقبول عام ریڈیو خدمات کے ذریعے ۲۴ زبانوں اور ۱۴۶ بولیوں میں پروگرام شروع ہوئے۔ موجودہ زمانے میں نجی ریڈیو خدمات جاری ہیں جیسے ریڈیو مرچی۔

(1) IBC کا نام تبدیل کر کے کیا رکھا گیا؟ (1)

(2) آکاش وانی نام کس طرح پڑا؟ (1)

(3) آکاش وانی کون سے پروگرام نشر کرتا ہے؟ (2)

.5 : درج ذیل سوالوں کے مفصل جواب لکھیے۔ (کوئی دو) (06)

(1) عوامی فنِ مصوری کے طرز کے بارے میں تفصیل سے معلومات لکھیے۔

(2) مارکس وادی تاریخ نویسی کی وضاحت کیجیے۔

(3) جدید طریقۂ تاریخ نویسی کی چار اہم خصوصیات بیان کیجیے۔

(4) قدرتی اور تہذیبی ورثے کے حفاظتی منصوبے کے ذریعے کون سے مقاصد حاصل ہوتے ہیں؟

.6 : ذیل میں سے مناسب متبادل چن کر بیان کو مکمل کیجیے۔ (02)

(1) آزاد بھارت میں پہلے چیف الیکشن کمشنر کے طور پر .................................. کو نامزد کیا گیا تھا۔

(الف) ڈاکٹر راجندر پرساد (ب) ٹی۔ این۔ شیشن (ج) سُکمار سین (د) نیلا ستیہ نارائن

(2) غیر برہمنی تحریک جسٹس پارٹی .................................. نامی سیاسی پارٹی میں تبدیل ہو گئی۔

(الف) دراوِڑ مُنیتر کلگھم (ب) آسام گن پریشد (ج) شیو سینا (د) نیشنل کانفرنس پارٹی

.7 : درج ذیل بیانات صحیح ہیں یا غلط وجوہات کے ساتھ لکھیے۔ (کوئی دو) (04)

(1) ریاستی حکومت طے کرتی ہے کہ کسی ریاست میں کب اور کتنے مرحلوں میں الیکشن کروایا جائے۔

(2) حق معلومات کی وجہ سے حکومت کے کام کاج میں راز داری بڑھ گئی ہے۔

(3) متحدہ محاذ حکومت سے عدم استحکام پیدا ہوتا ہے۔

8. (الف) : درج ذیل تصورات کی وضاحت کیجیے: (کوئی ایک) (02)

(1) علاقائیت (2) انتخابی حلقوں کی تشکیل نو

(ب) : درج ذیل تصوراتی خاکے مکمل کیجیے: (کوئی ایک) (02)

(1)




(2)




9. : درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔(کوئی ایک) (02)

(1) سیاسی پارٹیوں کی امتیازی خصوصیات واضح کیجیے۔

(2) رائے دہندوں کی عمر ۲۱ سال سے گھٹا کر ۱۸ سال کرنے کے کیا اثرات ہوئے؟

*******